نیز نگار سینما لارنس روڈ کراچی سے خرید فرمائیں

وہی شانتا رام کا سماجی شاہکار

[illegible]

[illegible]

جے شری اداکاران

پربھات پکچرز

قیمت ۱؍

زینت اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

(الہ آباد پریس دہلی)

گانے

ضلع کانڈا کے

نغمہ   گانے   سو گی

بھابی آ گئی بھابی آ گئی

بڑی دھوم دھام سے میری بھابی آئی .... بھابی آ گئی ....

ریل نے سیٹی ماری   جلدی میں گری بچاری

بھابی کا ڈیل تھا موٹا   اور ریل کا ڈبہ چھوٹا

مشکل سے جا کے اس میں وہ سمائی .... بھابی آ گئی ....

کھڑکی سے نکالی گردن   اور بھک بھک بولا انجن

بھابی نے جو گھونگھٹ کھولا   تو آنکھ میں پڑ گیا کوئلہ

بھابی جی نے آنکھ بھی گنوائی .... بھابی آ گئی ......

پان بیڑی ماچس سگریٹ   چائے گرم چائے گرم

تانگہ، اے تانگے والے ادھر آؤ

بھابی نے بلایا تانگہ   اس نے ایک روپیہ مانگا

کانی کا نصیبہ پھوٹا   تانگہ کا پہیہ ٹوٹا

ٹھمک ٹھمک ٹھمک پیدل آ گئی .... بھابی آ گئی ....

لو بھابی گھونگھٹ کھولو   آؤ بھیا سے بولو

آؤ آؤ

طبیعت ہمارے بھیا کی للچائی .... بھابی آ گئی ....

نغمہ   منموہن

اپنی ناکامی سے مجھ کو کام ہے

جو انہیں راحت مجھے آرام ہے .... اپنی ناکامی سے ....

دِل ہمارا اور نہیں کچھ اختیار
ہائے مجبوری اسی کا نام ہے .... اپنی ناکامی سے..
دِل کی اُلجھن میں پتہ چلتا نہیں
ہم کہاں ہیں صبح ہے یا شام ہے .... اپنی ناکامی سے....
ہم تڑپتے ہیں نہیں ان کو خبر
کیا محبت کا یہی انجام ہے .... اپنی ناکامی سے....

نمبر ۳ پدمنی

خوشی اچھی ہے ہمیں اور نہ ملال اچھا ہے
ہم کو جس حال میں رکھے وہی حال اچھا ہے
قسمت نے ہم کو ظلم اُٹھانا سکھا دیا
دردِ جگر کو دِل میں چھپانا سکھا دیا .... قسمت نے....
اب تو مصیبتوں سے بھی راحت سی ہو گئی
کچھ اتنی کھائیں ٹھوکریں عادت سی ہو گئی
در در کی ہم کو ٹھوکریں کھانا سکھا دیا.... قسمت نے..
دِل میں جو ٹیس اُٹھے تو آہیں نہ بھر سکیں
دُنیا کے تیر کھاتے رہیں اُف نہ کر سکیں
اپنے لہو سے پیاس بجھانا سکھا دیا .... قسمت نے..

نمبر ۴ پدمنی، بھارتی

دو سکھیوں کا سنو فسانا نیا شیش اور گرو پرانا
شروع گرو نے کیا لکھانا نمک والے کا گدھا سیانا
کام تھا بھاری بوجھ اُٹھانا پار ندی کے لے کر جانا

اُس پہ مالک کے ڈنڈے کھانا۔ گدھے کو سوجھا ایک بہانا
جان بوجھ کر بوجھ گراتا پانی میں سب نمک ملاتا
ظالم کو یوں سبق سکھاتا
کیا گرو نے بند لکھانا نیرے شیش سے کہا سُنانا۔۔ دو ہکلوں۔۔۔
شروع شیش نے کیا سُنانا
آ۔آ۔آ۔آ۔ نمک والا آ۔آ۔آ۔آ۔آ۔آ۔آ گدھا
آ۔آ۔آ۔آ۔آ۔آ سیانا بہ۔ بہ۔ بہ۔ بہ۔ با۔ با۔ با۔ با
با۔ بو۔ بو۔ بو۔ بوجھ ڈا۔ ڈا۔ ڈم۔ ڈم۔ ڈم۔ ڈم۔ ڈم۔ ڈم
ڈم۔۔۔ ڈم۔ ڈم۔ ڈم شیش بھی ہے ہکلا کبھی نہ جانا
گرو نے اس پر ڈنڈا تانا۔۔۔ دو ہکلوں کا۔۔۔
غصہ سے بولا گرو دیوانہ
نہ۔ نہ۔ نقل ما۔ ما۔ میری کر و جی۔ ما۔ ما۔ تجھے۔ نہ۔ گا۔ گرم گرو جی
ڈا۔ ڈا۔ ڈا۔ ڈا۔ ڈوب مرو جی
شیش:۔ بس۔ بس۔ شور۔ ہے۔ گا۔ گرو جی
م۔ م۔ م۔ ما۔ ما۔ معاف کرو جی
پا۔ پا۔ پا۔ پاگل دھا۔ دھت تیری کی
نی۔ نی۔ نی۔ نی۔ نکل جاؤ جی
ہوا ختم اب ہکلا گانا بند کرو اب ہنسنا ہنسانا
دو ہکلوں کا سنو۔ ف۔ ف۔ ف۔ ف۔ ف۔ فسانا
نہ۔ نہ۔ نیا شیش۔ اور گو۔ گو۔ گو۔ گرو۔ پو۔ پو۔ پو۔ پو۔ پو۔ پرانا
نمبر ۵ طوائف

تم نے زمانے کے طعنے ہزاروں ظلم سہے
نہ حال کہہ سکے اپنا، تڑپ تڑپ کے رہے

نہ سانس لینے کی مہلت نہ سر اُٹھانے کی
مٹا کے چھوڑے گی گردش ہمیں زمانے کی
یونہی ہوئے بدنام سنو رہا تیرے لئے
تجھی سے پیار ہے دنیا سے ہم کو پیار نہیں
ہے تیری یاد مگر تیرا انتظار نہیں
تڑپتی موج کو ملتا کبھی قرار نہیں
نصیب ہی میں ہمارے کبھی بہار نہیں ..... یونہی ہوئے بدنام.....
اُڑا کے لے گئی وہ بھی ہوا زمانے کی
ذراسی خاک جو باقی تھی آشیانے کی
ہماری لاش پہ آنا تو ڈھانک لینا منہ
غرض کچھ اور نہیں رسم ہے زمانے کی ... یونہی ہوئے بدنام....

نمبر ۶ پیدائش ناتھ

ذرا او جانیوالے رُخ سے آنچل کو ہٹا دینا
مجھے اچھی جوانی کی قسم صورت دکھا دینا
اگر پوچھیں وہ قاصد تجھ سے میری خانہ بربادی
ہتھیلی پر ذراسی خاک لینا اور اُڑا دینا ..... ذرا او جانیوالے....
شراب حسن کے آگے یہ پانی پھر بھی پانی ہے
نہ بھر جام ساقی آنکھوں سے پلا دینا ... ذرا او جانیوالے ...

تمہارا کیا گیا دل پر ہمارے گر پڑی بجلی

ہمیں انداز سے ظالم ذرا پھر مسکرا دینا ... ذرا او جانیوالے .....

نمبر ۷ شمیم بن ، بدمنی

گیا اندھیرا ہوا اجیارا چمکا چمکا صبح کا تارا
ٹوٹے دل کا بندھا سہارا چمکا چمکا صبح کا تارا

سانس خوشی کی تن میں آئی — ارمانوں نے لی انگڑائی
جاگ اٹھیں امیدیں ساری — جاگ اٹھی تقدیر ہماری
دور کسی نے ہمیں پکارا . چمکا چمکا صبح کا تارا

مرجھائی کلی کیا پھر سے کھلے گی ، کھوئی ہوئی کیا راحت ملیگی
کہیں یہ تارا ٹوٹ نہ جائے ، صبح کا ساتھی چھوٹ نہ جائے
آنکھوں میں رہ جائے نظارہ ، چمکا چمکا صبح کا تارا

گئی اداسی رونق چھائی — جیون میں اب روشنی آئی
ہنسی خوشی کا چھیڑو ترانہ — ناچ اٹھے من جھومے زمانہ
سپنے سہانا پیارا پیارا — چمکا چمکا صبح کا تارا

نمبر ۸ بدمنی

کہوں کا سے میں من کی بات — جیروا ہائے ڈولے ہو
تڑپ سینے میں دل ہر ہاتھ — جیروا ہائے ڈولے ہو
خوشی بھی ہو رہی ہے ، آنکھ بھی شرمائی جاتی ہے
کہیے کیسے کوئی بیرن دل کی لگی ، نہیں بتلائی جاتی ہے
میری تمنا ہے میرے ساتھ ، جیروا ہائے ڈولے ہو ... کہوں کا سے ..
سجی ہیں نیتوں کی گلیاں . ہیں اب جیون میں رنگ رلیاں
جھوم جھوم کے آئیں بہاریں . کیسی کھلیں ہیں یہ کلیاں

دن سہانا ہے سہانی ہے رات، جیرواہا ہے دُور سے ہو... گیہوں کا ہے...

نمبر ۹۔ پدم جی

چلی بن کے دُلہن ان سے لاگی لگن
مورا میکے میں جی گھبراوت ہے
مورا مانے نہ من ہیں دوار سے سجن
مورا میکے میں جی گھبراوت ہے
پل کے مہندی میں سولہ سنگھار کروں
اور سیندور سے اپنی مانگ بھروں
ٹیکہ ماتھے پہ مورے سہاوت ہے
مورا میکے میں جی گھبراوت ہے۔
چلی بن کے دُلہن .....
دُور کا ہے سفر کوئی ساتھی نہیں
ہے اکیلی دُلہن اور براتی نہیں
موہے جانے میں اب بھئے آوت ہے
مورا میکے میں جی گھبراوت ہے
چلی بن کے دُلہن .....
شادیانے کہو سب بجاتے چلیں
گیت پی کی ملن کے سُناتے چلیں
ڈولا سسرال کو مورا جاوت ہے
مورا میکے میں جی گھبراوت ہے
چلی بن کے دُلہن .... ختم شد

فلم میں بھرتی ہونے سے پیشتر اپنے آپ کو مکمل ایکٹر بنا لینا ضروری ہے

فلم ایکٹنگ گائیڈ کا مطالعہ کیجئے

اس کتاب میں ایکٹر بننے کے طریقے درج کیئے گئے ہیں۔ ایکٹنگ کیا ہے۔ اور کیسے کیا جاتا ہے۔ ایکٹر بننے اور بھرتی ہونے کیلئے کیا کیا ہونا ضروری ہے تمام باتیں آسان اردو زبان میں لکھی گئی ہے۔ آخر میں تمام مشہور فلم کمپنیوں کے پتے ایکٹروں اور ایکٹریسوں کے حالات نیز پرائیوٹ پتے بھی درج کر دیئے گئے ہیں۔ تاکہ ہر شخص کو ان سے خط و کتابت کرنے میں آسانی ہو۔

قیمت صرف ۔/۱ علاوہ محصول ڈاک معاف

فلمی ہارمونیم گائیڈ

موجودہ زمانے میں جتنا ہارمونیم کو پسند کرتے ہیں کسی دوسری چیز کو نہیں۔ اور پھر فلمی گانوں پر بجانا بہت ہی پسند کرتے ہیں۔ اسلئے قابل مصنف نے اس کتاب کے اندر تمام سُر اور گانے جمع کیے ہیں۔

قیمت ۱/۸/۰ محصول ڈاک معاف

ٹیلر ماسٹر

ٹیلرنگ کا کام سکھانے والی سب سے بہتر اور نئی کتاب جو سالہا سال کی محنت اور تجربہ کے بعد تیار کی گئی ہے۔ مصنف نے اس کتاب میں اپنی تمام عمر کا تجربہ ختم کر دیا ہے۔ جدید فیشن اعلیٰ کپڑوں، مثلاً یونیفارم لیڈیز کوٹ کاٹنے کا طریقہ بھی صرف اس کتاب میں ملے گا۔

قیمت صرف ۔/۱ علاوہ محصول ڈاک معاف

ملنے کا پتہ۔ زمن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی